NYC انڈور ڈائننگ سے متعلق اکثر پوچھے گئے سوالات (FAQ)

کیل لونگانی
میئر کے صلاح کار

الیکسس بلین
اعلیٰ نائب صلاح کار

بس چیو
چیف آف اسٹاف

کیتھرین کاکلن
نائب صلاح کار

کوئی کاروباری ادارہ کھانے پینے کی کون سی خدمات فراہم کر سکتا ہے؟
ریستوران اور کھانے کی خدمات کے دیگر کاروبار گاہکوں کے لیے بیٹھنے کے انتظام کے ساتھ انڈور جگہیں کھول سکتے ہیں۔

کن گھنٹوں کے دوران کوئی کاروبار کام کر سکتا ہے؟
کاروباری ادارے کھانے اور مشروبات کی خدمت **صبح 5:00 بجے سے دوپہر 12:00 تک** فراہم کر سکتے ہیں۔ دوپہر 12:00 بجے کھانے اور مشروبات کی تمام خدمات کا بند ہو جانا ضروری ہے۔

تاہم، جو مستقل گاہک ہیں وہ درج ذیل کوائف میں دوپہر 12:00 کے بعد بھی (انڈور یا آؤٹ ڈور) احاطوں میں باقی رہ سکتے ہیں:

- کاروباری ادارے ایسی تقریبات منعقد کر سکتے ہیں جو کہ دوپہر 1:00 بجے یا اس سے پہلے ختم ہو جائیں تا وقتیکہ انہیں NYS NYS DOH Interim Guidance for NYC Indoor Food Services [محکمۂ صحت کی NYC کی انڈور فوڈ سروسز سے متعلق عارضی ہدایات] کے مطابق انجام دیا جاتا ہے۔
- اسٹیٹ لیکر اتھارٹی [State Liquor Authority, SLA] کے ذریعہ لائسنس یافتہ کاروباری ادارے ریاستی محکمۂ صحت [Department of Health, DOH] کی موجودہ ہدایات کے تحت مجاز اور ان کے لائسنس کے مطابق مقامی طور پر لازم قرار دیے گئے بند کرنے کے وقت (نیو یارک سٹی میں صبح 4:00 بجے) تک سرگرمیوں کی پیش کش جاری رکھ سکتے ہیں (مثال کے طور پر، بولنگ، لائیو تفریح، وغیرہ)۔

کیا انڈور ڈائننگ سے متعلق گنجائش کی کوئی حد ہے؟
جی ہاں۔ انڈور گنجائش کی حد، ملازمین کے علاوہ، لازمی طور پر **کسی خاص علاقے کے لیے زیادہ سے زیادہ استعمال کے 75% سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے** (جیسا کہ تصرف کے سرٹیفیکیٹ میں وضاحت ہے)۔ ایسے کاروباری ادارے جن کے پاس استعمال کا کوئی سرٹیفیکیٹ نہیں ہے انہیں زیادہ سے زیادہ استعمال کے تعین کے لیے NYC کے محکمۂ تعمیرات [Department of Buildings , DOB] کا بلیٹن #017-2020 کی طرف رجوع کرنا چاہیے۔

گنجائش کی یہ حد لازمی طور پر ریستوران کے اندر اور باہر کسی نمایاں جگہ میں آویزاں کی جانی چاہیے۔

کیا بار سیٹنگ کی اجازت ہے؟
ہاں، بشرطیکہ پارٹیوں (یعنی گاہکوں کے گروپوں) کے درمیان کم از کم 6 فٹ کی دوری قائم رکھی جائے۔
کاروباری اداروں کے لیے اس بات کو بھی یقینی بنانا لازمی ہے کہ بار ایریے کا اسٹاف جہاں کہیں ممکن ہو ایک دوسرے کے درمیان اور / یا گاہکوں کے درمیان کم از کم 6 فٹ کی دوری قائم رکھتا ہے۔

کیا انڈور ڈائننگ والے کاروباری اداروں میں تقریبات منعقد کرنے کی اجازت ہے؟
جی ہاں، انڈور ڈائننگ کے کارروباری اداروں میں تقریبات، جیسے تقریب کی بڑی جگہیں اور کیٹرنگ ہال، کی اجازت ہے۔ تاہم، انڈور گنجائش کی حد، ملازمین کے علاوہ، لازمی طور پر **کسی مخصوص علاقے کے لیے زیادہ سے زیادہ استعمال کے 75% سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے** (جیسا کہ تصرف کے سرٹیفیکیٹ میں وضاحت ہے) **یا 150 گاہک، جو بھی کم ہو۔**

کب ملازمین اور گاہکوں کے لیے فیس کورنگ پہننا لازمی ہے؟

- جملہ ملازمین کے لیے ہمہ وقت فیس کورنگ پہننا لازمی ہے سوائے اس وقت کے جب وہ کھا پی رہے ہوں (مثال کے طور پر وقفوں کے دوران)۔

- جملہ گاہکوں (عمر 2+) کے لیے ہمہ وقت فیس کورنگ پہننا لازمی ہے (سوائے اس کے کہ وہ طبی لحاظ سے انہیں برداشت کرنے پر قادر نہ ہوں) مگر جب وہ بیٹھ چکے ہوں۔ بیٹھ جانے کے بعد، کاروباری اداروں کو اسٹاف کے ساتھ بات چیت کرتے وقت یا بصورت دیگر جب کھا پی نہ رہے ہوں تو فیس کورنگ پہننے کے لیے گاہکوں کی حوصلہ افزائی کرنی چاہیے مگر مطالبہ نہیں کرنا چاہیے۔

کیا انڈور کاروباری اداروں کے لیے درجۂ حرارت کی جانچ کرنا لازمی ہے؟
جی ہاں۔ ملازمین اور گاہکوں کے لیے کاروباری ادارے میں پہنچنے سے پہلے یا پہنچنے کے فوراً بعد حرارت کی ایک جانچ سے گزرنا لازمی ہے۔

- کوئی بھی شخص جس کا درجۂ حرارت 100° فارنہائٹ سے زیادہ ہو اسے لازمی طور پر داخل ہونے کی اجازت نہیں دی جانی چاہیے۔

کیا اس سلسلے میں کوئی اضافی معلومات ہیں جنہیں گاہکوں سے حاصل کرنا انڈور کاروباری اداروں کے لیے ضروری ہے؟
جی ہاں۔ ہر ایک گروہ کے ایک شخص کو نیو یارک اسٹیٹ کے کانٹیکٹ ٹریسنگ کی کوششوں میں استعمال کے لیے اندراج کرانا چاہیے اور اپنا پورا نام، پتہ، اور فون نمبر درج کرنا چاہیے۔ تفصیلات یہاں۔

کسی قطار میں انتظار کر رہے گاہکوں کے لیے سوشل ڈسٹنسنگ کی شرائط کیا ہیں؟
کسی بھی وجہ سے قطار میں ہونے کے دوران سبھی گاہکوں پر 6 فٹ کی دوری برقرار رکھنا لازم ہے**اور** کاروباری اداروں کے لیے جس جگہ پر قطاریں بنتی ہیں وہاں پر چھ فٹ کی دوری کی واضح انداز میں نشاندہی کرنا ضروری ہے۔

کیا انڈور کاروباری اداروں کے لیے ملازمین کی COVID-19 کے لیے صحت کی جانچ کروانا لازمی ہے؟
جی ہاں۔ کاروباری اداروں کے لیے ضروری ہے کہ وہ روزانہ تمام ملازمین کی صحت کی اسکریننگ کریں۔ اگر کسی گاہک یا ملازم کی جانچ کا نتیجہ مثبت آتا ہے تو کاروباری اداروں کو یہاں بیان کردہ اقدامات کی تعمیل کرنی چاہیے۔

ڈنر اور خدمت سے متعلق ہدایات

انڈور ڈائننگ کے لیے سوشل ڈسٹنسنگ کی شرائط کیا ہیں؟

- انڈور ٹیبلز لازمی طور پر کم از کم 6 فٹ کی دوری پر سبھی جہتوں میں رکھے جانے چاہئیں۔ جہاں کہیں ڈسٹنسنگ پر عمل ممکن نہ ہو، ٹیبلز کو لازماً مادی رکاوٹوں کے ذریعہ علیحدہ کیا جانا چاہیے جن کی بلندی کم از کم 5 فٹ ہو اور وہ لازمی طور پر ایمرجنسی اور / یا فائر ایگزٹ کے راستے میں رکاوٹ نہ ہوں۔
- ایک ہی گروہ کے گاہک مشترک ٹیبلوں پر ایک دوسرے کے آس پاس بیٹھ سکتے ہیں، بشرطیکہ اس گروہ میں 10 یا اس سے کم لوگ ہوں۔
  - ایک ہی گروہ کے گاہکوں کا تعلق مختلف گھرانوں سے ہو سکتا ہے۔
  - ایک ہی گروہ کے گاہک مختلف وقتوں میں پہنچ سکتے ہیں، بٹھائے جا سکتے ہیں اور رخصت ہو سکتے ہیں جب تک کہ ان کا میل جول گروہ کے افراد تک محدود رہتا ہے۔
- متعدد گروہوں والے مشترک ٹیبلز کی اجازت صرف اسی صورت میں ہے جبکہ گروہوں کے درمیان 6 فٹ کی دوری برقرار رکھنا ممکن ہو۔
- گاہکوں کو بیت الخلاء کا استعمال یا انتظار کرنے کے دوران لازمی طور پر سوشل ڈسٹنسنگ برقرار رکھنی چاہیے۔

کیا گاہک کھڑے کھڑے کھا پی سکتے ہیں؟
نہیں۔ صرف بیٹھ کر ہی کھانے کی اجازت ہے۔

کیا میں باہر کوئی بوفے لگا سکتا ہوں؟
ہاں، لیکن بوفے میں ذاتی خدمت **نہیں ہو سکتی** اور لازمی طور پر اسٹاف کی کافی تعداد موجود ہونی چاہیے تاکہ یقینی بنایا جا سکے کہ کوئی گاہک عام چیزوں کو ہاتھ نہیں لگاتا ہے۔ مناسب سوشل ڈسٹنسنگ لازمی طور پر برقرار رکھی جانی چاہیے۔

کیا میں مہمانوں کو اسٹراز اور / یا دانتوں کے خلال فراہم کر سکتا ہوں؟
کاروباری ادارے گاہکوں کو صرف انفرادی، پیشگی لپیٹے ہوئے اسٹراز یا دانتوں کے خلال فراہم کر سکتے ہیں۔

کیاملازمین انڈور ڈائننگ کے کاروباری ادارے کے اندر کھا سکتے ہیں؟
ملازمین اپنی فیس کورنگ ہٹا سکتے ہیں اور کاروباری ادارے کے اندر اس وقت تک کھا پی سکتے ہیں جب تک کہ وہ سوشل ڈسٹنسنگ قائم رکھتے ہیں اور صحت کے ضابطے کے تقاضوں کی تعمیل کرتے ہیں۔ اگر ملازمین اندرون خانہ کسی ٹیبل پر کھارہے ہوں جو کہ عام طور پر گاہکوں کے استعمال کے لیے ہوتا ہے تو اس کو زیادہ سے زیادہ 75% استعمال کی پابندی کے خلاف شمار کیا جائے گا۔

کیا میں اپنے انڈور ڈائننگ کے علاقے میں لائیو تفریح یا کوئی ڈی جے لگا سکتا ہوں؟
ہاں، اگر کاروباری ادارے کے SLA لائسنس میں اس کی اجازت ہو۔ کوئی بھی لائیو تفریح
NYS Guidance for Arts and Entertainment [NYS کی ہدایات برائے فنون وتفریح] کے مطابق ہونی چاہیے۔

میرا لائسنس تفریحی سرگرمیوں کی اجازت دیتا ہے۔ کیا ان کی اجازت ہے؟
جی ہاں۔ بار گیمز (جیسے ڈارٹس، پول، تاش/ باؤل/ شفل گیمز، ریکٹ گیمز، ایکس تھروئنگ، وغیرہ)
DOHMH Guidance on Sports and Recreation
[محکمۂ صحت و دماغی حفظان صحت کی کھیل کود اور تفریح سے متعلق ہدایات]
کے مطابق ہونی چاہئیں۔

کام کی جگہ کے تقاضے

کیا مجھ سے اپنے کاروباری ادارے میں کسی نشان کو آویزاں کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے؟
جی ہاں۔ کاروباری اداروں سے تقاضا کیا جاتا کہ وہ DOH کی COVID-19 علامت والے سوشل ڈسٹنسنگ کے مارکرز سے ہم آہنگ نشان اور گاہکوں کی وہ تعداد جو زیادہ سے زیادہ مجاز تعداد کو بتلاتی ہو آویزاں کریں۔ مزید معلومات یہاں۔

کیا میرے کاروباری ادارے کے لیے کسی ایئر فلٹریشن کے تقاضوں کی تعمیل کرنا ضروری ہے؟
جی ہاں، کاروباری اداروں کو لازمی طور پر وینٹیلیشن اور / یا ایئر فلٹریشن کے پروٹوکولز کو نافذ کرنا چاہیے۔ مزید معلومات یہاں۔

کاروباری اداروں کو پک اپس اور ڈلیوریوں کا انتظام کس طرح کرنا چاہیے؟
ڈائننگ کاروباری اداروں پر وینڈر پک اپس / ڈلیوریوں کے لیے مخصوص علاقوں کو مختص کرنا لازم ہے۔

کیا کچن اور اسٹوریج کے علاقوں کے لیے سوشل ڈسٹنسنگ کے کوئی ضابطے ہیں؟
جی ہاں۔ اگر کسی چھوٹی جگہ میں ایک سے زیادہ ملازم موجود ہوں، جیسے کچن اور اسٹوریج کے علاقے، تو تمام ملازموں کے لیے قابل قبول فیس کورنگ پہننا لازمی ہے۔ ملازمین کی موجودگی ان علاقوں میں زیادہ سے زیادہ 75% استعمال کو تجاوز نہیں کرنی چاہیے۔

اضافی وسائل

وہ اضافی وسائل کیا ہیں جن کی طرف میں رجوع کر سکتا ہوں؟

- NYS DOH Interim Guidance for NYC Indoor Food [NYS محکمۂ صحت کی NYC انڈور فوڈ سروسز کے لیے عارضی ہدایات]
- NYS DOH Interim Guidance for Sports and Recreation [NYS محکمۂ صحت کی کھیل کود اور تفریح کے لیے ہدایات]
- NYS DOH Interim Guidance for Small and Medium Scale Performing Arts & Entertainment [NYS محکمۂ صحت کی چھوٹے اور متوسط حجم کے پرفارمنگ آرٹس اور تفریح سے متعلق عارضی ہدایات]
- SLA Guidance for Indoor Dining on Licensed On-Premises Establishments [لائسنس یافتہ اندرون عمارت کاروباروں سے متعلق انڈور ڈائننگ کے لیے SLA کی ہدایات]
- SLA Guidance on COVID-Related Closing Times [COVID سے وابستہ بند کرنے کے اوقات سے متعلق SLA کی ہدایات]
- NYC Counsel to the Mayor NYC Outdoor Dining FAQ [میئر کے NYC صلاحکار NYC آؤٹ ڈور ڈائننگ سے متعلق اکثر پوچھے گئے سوالات]
- NYC DOH Guidance for Business and Facilities [کاروباروں اور سہولت گاہوں کے لیے NYC DOH کی ہدایات]

2021/7/5کو تازہ ترین

- [NYC Restaurant Reopening Guide [NYC ریستوران دوبارہ کھولنے کا ہدایت نامہ]]
- [Governor’s Executive Order 202.101 [گورنر کا ایگزیکٹو آرڈر 202.101]]
- [Governor’s Executive Order 202.102 [گورنر کا ایگزیکٹو آرڈر 202.102]]
- [Governor’s Executive Order 202.106 [گورنر کا ایگزیکٹو آرڈر 202.106]]